# ای ٹینڈر نوٹس برائے کچاراشن اور متفرق اشیاء وایمرجنسی ادویات

زیر دستخطی کو ڈسٹرکٹ جیل تیمر گرہ کے لئے برائے مالی سال 2026-27 خوردنی اشیاء (کچاراشن) اور دیگر متفرق اشیاء اور ایمرجنسی ادویات کی سپلائی کے لئے جن کی مالیت اندازے کے مطابق تقریباً پانچ کروڑ /- Rs. 5,0000,000 بنتی ہے کے لئے خواہشمند حضرات / ٹھیکداران جو کہ محکمہ سیلز ٹیکس اور انکم ٹیکس کے ساتھ ساتھ خیبر پختونخوا ریگولیٹری اتھارٹی (KPPRA) کی ویب سائیٹ http://Kp.eprocure.gov.pk پر رجسٹرڈ ہو چکے ہو نیز محکمہ جیل خانہ جات کے طرف سے بلیک لسٹ نہ ہوں بذریعہ E-Procurement ٹینڈر مطلوب ہے۔ ٹینڈر بذریعہ EPAD مورخہ 04-08-2026 بوقت 10:30AM تک آنلائن جمع کیا جاسکتا ہے جو کہ اسی روز بوقت 11:00 AM بجے دن ٹینڈر نمائندگان اور کمیٹی ممبران کے روبرو ڈسٹرکٹ جیل تیمر گرہ میں آنلائن کھولے جائیں گے۔

## شرائط:

1. اوپر دی گئی مالیت ایک اندازے کے مطابق جس میں مجاز اتھارٹی کیپرا رولز کے مطابق کمی بیشی کر سکتی ہے۔
2. تمام خواہشمند رجسٹرڈ ٹھیکداران (KPPRA) کے ویب سائیٹ http://Kp.eprocure.gov.pk پر موجودہ ٹینڈر فارم بمعہ فہرست درکار اشیاء اور دیگر ضروری دستاویزات دیکھی / ڈاون لوڈ کی جاسکتی ہے۔ جو پر کر کے EPAD پر اپلوڈ کرنے ہونگے۔
3. ای ٹینڈر میں حصہ لینے والے تمام ٹھیکداران کو ٹینڈر کی مالیت کا 2 فیصد زر شمولیت جو کسی منظور شدہ بینک سے جاری کردہ ہو بصورت کال ڈیپازٹ بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل تیمر گرہ EPAD پر اپلوڈ کرنا ہوگی اور اصل زر شمولیت (CDR) ٹینڈر کھولنے سے پہلے دفتر زیر دستخطی مین لازمی جمع کروانا ہوگی۔ ورنہ متعلقہ ٹھیکدار ایک سال کیلیے نااہل کیا جائیگا۔ اصل (CDR) ٹینڈر کھولنے کے وقت کمیٹی کے سامنے پیش کی جائے گی۔
4. متعلقہ ٹھیکدار / فرم کو حکومت پاکستان اور حکومت خیبر پختونخوا کی طرف سے عائد شدہ تمام ٹیکسز جو حکومت پاکستان اور حکومت خیبر پختونخوا کے طرف سے وقتاً فوقتاً نافذ العمل ہوں وغیرہ مروجہ پالیسی کے مطابق ادا کرنے ہونگے۔
5. تمام اشیاء ڈسٹرکٹ جیل تیمر گرہ کے ڈیوڑی گیٹ لانا لازمی ہوگی، بر وقت سپلائی نہ کرنے یا غیر معیاری اشیاء کے سپلائی کی صورت میں مجوزہ اشیاء بازار سے مارکیٹ نرخ پر خریدے جائینگے اور نرخ میں فرق کی صورت میں اضافی رقم ٹھیکدار کے بل یا سیکورٹی سے منہا کیا جائے گا۔
6. سپلائی میں ناکامی، غیر معیاری اشیاء کی سپلائی یا قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ ٹھیکدار / فرم کے خلاف رولز کے مطابق قانونی کاروائی کی جائیگی جس میں ٹھیکدار کو بلیک لسٹ کیا جاسکتا ہے اور CDR / سیکورٹی وغیرہ بحق سرکار ضبط کیا جاسکتا ہے نیز جرمانہ بھی عائد کی جاسکتی ہے۔
7. مقرر کردہ کمیٹی کو اختیار حاصل ہے کہ وہ کسی فرم / ٹھیکدار کے ٹینڈر کو جزوی یا کلی طور پر معقول وجہ بتا کر مسترد کرے۔
8. ٹینڈر کی حتمی منظوری جناب ڈپٹی انسپکٹر جنرل جیل خانہ جات ریجنل پرزنز آفس سوات دینگے۔
9. تمام جمع شدہ کال ڈیپازٹ تصدیق کے لئے متعلقہ بینک کو ارسال کئے جائنگے اور بغیر تصدیق کے کوئی بھی کال ڈیپازٹ واپس نہیں کیا جائے گا۔ جعلی پائے جانے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکدار کے خلاف بینک رولز اور حکومت پاکستان کے مروجہ قانون کے مطابق محکمانہ کاروائی کی جائیگی۔
10. ٹھیکہ منظور ہونے کی صورت میں متعلقہ ٹھیکدار / فرم کے ساتھ معاہدہ کیا جائے گا اور ٹھیکہ مالیت کے 05 فیصد کے مساوی Performance Guarantee بصورت بینک گارنٹی بنام سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل تیمر گرہ لازمی جمع کروانا ہوگا۔

المشتہر

سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل تیمر گرہ
فون و فیکس نمبر: 0945-9250095